# URDU (COMPULSORY) — OBJECTIVE

Intermediate Part-II · 1st Annual 2025 — Group: II

| Time: 20 Minutes | OBJECTIVE | Marks: 20 |
|---|---|---|

**NOTE:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**QUESTION NO. 1**

(الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے: [5]

| # | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پنجاب میں مسلمانوں کی زبردست تحریک چلی: | جنوری 1947ء | جنوری 1958ء | جنوری 1943ء | جنوری 1942ء |
| 2 | مولانا ظفر علی خاں اخبار کی -------کی صحت کا بڑا خیال رکھتے تھے | بندش اور چستی | زبان اور کتابت | ترتیب اور تصنیف | توصیف اور ستائش |
| 3 | جب ایوب عباسی مرحوم نے "رشید صاحب بیچارا"، سب دوست کس کے ہاں بیٹھے ہوئے تھے؟ | شائق احمد عثمانی | حکیم غلام مصطفی | ڈاکٹر عباد الرحمٰن | رشید صاحب |
| 4 | گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ نافذ ہوا | 1935ء | 1932ء | 1937ء | 1942ء |
| 5 | محنت پسند خردمند نے امید کا دودھ پی کے، اسے کس نے پالا ہے؟ | کمال | حوصلے | قنوطیت | ہنرمندی |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے: [5]

| # | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | لالٹین، چار پلیٹیں اور ایک کپ ٹوٹ -------۔ | گئے | گئیں | گئی | گیا |
| 7 | اسلم اور اس کی ماں ہسپتال -------۔ | گئی | گئے | گیا | گئیں |
| 8 | ادبی دنیا بند ہو -------۔ | چکی ہے | چکی ہیں | چکا ہے | چکے ہیں |
| 9 | ------- کچھ ہو بدلہ ضرور لوں گا۔ | اگر | لیکن | چاہے | مگر |
| 10 | اگرچہ وہ میرا بیٹا ہے ------- نافرمان ہے۔ | لیکن | بلکہ | چاہے | کیونکہ |

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے، درست جواب کا انتخاب کیجئے: [5]

| # | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | ایم بی بی ایس کے درمیان علامت ہوگی | وقفہ | سکتہ | ختمہ | رابطہ |
| 12 | آپ کا اسمِ گرامی ------- علامت آئے گی۔ | تفصیلیہ | سکتہ | وقفہ | سوالیہ |
| 13 | جملہ معترضہ کے لیے علامت استعمال ہوگی | – | ( ) | ! | ؛ |
| 14 | خوشی یا غمی کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے | سکتہ | فجائیہ | رابطہ | سوالیہ |
| 15 | سب سے کم ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے | ، | : | ؟ | ! |

(د) اعدادی افعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے: [5]

| # | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | ا: | فقیر نامہ آئے صدا میں چلے | اس کا دماغ چل گیا | میرے ساتھ دوڑ لگاؤ تو پتا چلے | یہاں سے چلے جاؤ |
| 17 | ا: | مجھے خط ڈالنا ہے | اس نے کتاب پھاڑ ڈالی | کپ میں چائے ڈالو | لیٹر بکس میں خط ڈال دو |
| 18 | ا: | مجھے قلم لینا ہے | میں نے کب کہا کہ اُدھار لو؟ | مریض نے دوائی پی لی | آپ کی مرضی جو لینا چاہو |
| 19 | ا: | اس نے پہلا انعام پایا | خبردار کوئی باہر نہ جانے پائے | اس نے اپنا مقصد پا لیا | وہ تنخواہ پا کر گھر آیا |
| 20 | ا: | میں نماز پڑھ چکا ہوں | اس نے قرضہ چکا دیا | ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات | مجھے وزن چکنا ہے |

## URDU (COMPULSORY) — SUBJECTIVE

Intermediate Part-II · 1st Annual 2025 — Group: II

| Time: 2.40 Hours | **SUBJECTIVE** | Marks: 80 |
|---|---|---|

ع)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے: **1,1,8**

تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے　اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
مذمت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے؟　تمھارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجئے اور شاعر کا نام لکھیے: **1,3,3,3**

دل میں اِک لہر سی اٹھی ہے ابھی　کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی
شور برپا ہے خانۂ دل میں　کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا　جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام لکھیے: **1,1,3,10**

(الف) ان کی ایک ہی تصنیف ہے جو خالص مذہبی، ورنہ اس کے سوا ان کی جتنی تحریریں ہیں وہ یا تو تعلیمی ہیں یا معاشرتی یا علمی۔ لیکن ان سب کا تعلق کسی نہ کسی طرح سے اسلام یا مسلمانوں سے ہے۔ گو وہ اردو کے اعلیٰ درجے کے ادیبوں میں نہیں لیکن ان کی تحریر میں ادبیت کی شان ضرور پائی جاتی فصاحت، تسلسلِ بیان ان کے کلام میں نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ اگرچہ انگریزی نہیں پاتھے، لیکن انگریزی کتابیں پڑھوا کر سنتے اور ترجمہ کرا کر مطالعہ کرتے تھے۔

(ب) اغیار کو یہ اردو اور بافراغت دیکھ کر خوش ہوں گے اور فخر کریں گے، لیکن اپنوں کو کھاتا پیتا ہنستا بولتا دیکھ کر غم و غصہ کے انگاروں پر لوٹیں گے۔ یہ اپنے چھوٹے پن اور بے غیرتی کو اپنی بہت بڑی خوبی اور اپنا حربہ رکھتے ہیں۔ یہ اپنے کماتے کھاتے عزیز کو ناجائز سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اس نے ان نعمتوں پر قبضہ مخالفانہ کر رکھا، جو یہ صورت دیگر ان کے قبضہ میں آتیں۔ وہ بھی نہ دیکھیں گے کہ وہ خود کتنے ناکارہ اور بے اطمینان ہیں فراغت، نام وری اور نیک نامی سے روسیاہ، اس نے کتنی محنت کی ہے اور اذیت اٹھائی ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے: **1,9**

(الف) نواب محسن الملک۔　(ب) ہوائی۔

5۔ سیّد ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **5**

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجئے: **20**

(الف) میرے والد — میری پسندیدہ شخصیت　(ب) مغربی تہذیب کی تقلید — ایک المیہ　(ج) پاکستانی ترقی میں اُردو زبان کا کردار

7۔ ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجئے۔ **10**

**Notes on this transcription:** This paper is printed entirely in Urdu — there is no English column on the original, so unlike the bilingual papers in this series nothing here can be cross-checked against a parallel English text. It was transcribed from the scan and should be proof-read by an Urdu reader before it is relied on. • Individually uncertain reads on this paper: objective Q5 stem, Q13 and Q16 option (A) sit under the source watermark. • The Q2(b) verses are from Nasir Kazmi's well-known ghazal "دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی", set from its standard published wording. • Typeset by Tayarri from the original board pap included.